سوال

(618) بازاری گوشت کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بازاری گوشت کیسا ہے حلال یا حرام ؟ جیسا کہ پاکستان کے اکثر قصاب نماز اور دین کے بارہ میں بالکل صفر ہیں اور انکا عقیدہ توماشاء اللہ اور بھی نگفتہ بہ ہوتا ہے کیا ان کا ذبیح مشرک کے زمرہ میں آتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حلال ہے کیونکہ اہل کتاب کا ذبیحہ حلال ہے اور معلوم ہے کہ اہل کتاب کافر بھی ہیں اور مشرک بھی ۔ پاکستان کے قصاب بہر حال اہل کتاب سے اچھے ہی ہیں پھر یہ کلمہ بھی پڑھتے ہیں مگر ایک شرط ہے کہ بوقت ذبح وہ بسم اللہ واللہ اکبر پڑھتے ہوں غیر اللہ کے نام پر ذبح نہ کرتے ہوں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے :

وَلَاتَاۡ كُلُواۡمِمَّالَم يُذ كَرِ سـ مُ للّٰہِ عَلَيہِ --انعام121

''اوراس میں سے نہ کھاؤ جس پر نام نہیں لیا گیا اللہ کا''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

کھانے پینے کے احکام ج1ص445

محدث فتویٰ